ZIL LIMITED

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL لمیٹڈ کے تمام حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاس عام مورخہ ۲۷ جون ۲۰۱۹ء بروز جمعرات صبح ساڑھے نو بجے بمقام رائل روڈیل پلاٹ نمبر ٹی سی-۵، ۳۴-اسٹریٹ، خیابان سحر، فیز ۵، ڈی-ایچ-اے، کراچی، میں درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ | ۲۹ اپریل ۲۰۱۹ء کو منعقد کئے گئے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔ |
| ۲۔ | کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹ میں دیئے گئے طریقے کے مطابق یکم جولائی ۲۰۱۹ء سے ۳۰ جون ۲۰۲۱ء کے درمیان تین سالہ مدت کے لئے کمپنی کے سات ڈائریکٹران کا انتخاب۔ |
| (الف) | کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء سیکشن (1)159 اور (a)(2) کے مطابق بورڈ نے ۲۹ اپریل ۲۰۱۹ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تعداد سات مقرر کی ہے۔ |
| (ب) | کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء سیکشن (b)(2)159 کے تحت، ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام یہ ہیں:۔ محترمہ فیریل علی مہدی، جناب مبشر حسن انصاری، جناب کمال شعیب، جناب سعد امان اللہ خان، سیّد حسنین علی، جناب محمد قیصر عالم اور جناب محمد سلمان حسین چاولہ (نامزد NIT)۔ |

بحکم بورڈ

**عطاء الرحمٰن شیخ**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: اپریل ۲۹، ۲۰۱۹ء

**نوٹس:۔**

| | |
|---|---|
| ۱۔ | کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ (3)159 کے مطابق، کمپنی کا کوئی بھی رُکن جو کمپنی کے ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو (بشمول سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران)، انتخابات کے لئے منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام سے ۱۴ روز قبل، خود کو بذریعہ نوٹس، کمپنی ہذا میں ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخابات میں حصہ لینے کے لئے پیش کرے اور اپنی نامزدگی کے نوٹس کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک کرے: |
| (الف) | کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ (1)167 کے تحت مکمل فارم-28 پر، ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی۔ |
| (ب) | ایس آر او 634، مورخہ ۱۰ جولائی ۲۰۱۴ء کی شق E کی سب شق (ب) کے تحت اپنے تفصیلی کوائف دفتر کے پتہ کے ساتھ، تاکہ انتخابات سے سات روز قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کیا جاسکے۔ |
| (پ) | کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے تقاضوں اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے مطابق لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے عہدے پہ کام کرنے کی اہلیت کے معیار کا اقرارنامہ۔ |
| (ت) | نامزد شخص، کسی بھی وقت انتخابات سے پہلے، اپنی نامزدگی کا نوٹس واپس لے سکتا ہے۔ |
| ۲۔ | کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۱ جون بروز جمعہ ۲۰۱۹ء تا ۲۷ جون ۲۰۱۹ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی اور شیئر ٹرانسفر کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائیگی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسر THK ایسوسی ایٹس پرائیوٹ لمیٹڈ، فرسٹ فلور، ۴۰ سی، بلاک-۶ پی-ای-سی-ایچ-ایس، کراچی 75400 کو ۲۰ جون ۲۰۱۹ء بزنس اوقات کے اندر وصول شدہ ٹرانسفر بروقت سمجھی جائیں گی۔ |
| ۳۔ | کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کے تحت ڈائیریکٹرز کے انتخاب اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی سیکشن 143 اور 144 کی شرائط کے مطابق کسی بھی ایجنڈا آئٹم کے لئے مزکورہ ریگولیشنز کے مطابق ممبران بذریعہ پوسٹ یا کسی الیکٹرانک ذریعہ سے پوسٹل بیلٹ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔ |
| ۴۔ | ایسے تمام ممبران جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کرسکتے ہیں۔ نمائندگی (Proxy) کے مؤثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ دستخط شدہ پراکسیز فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہوجائیں۔ ایک ممبر ایک سے زائد پراکسی مقرر نہیں کرسکتا۔ پراکسی فارم کے ساتھ شیئر ہولڈر کا CNIC کی مصدقہ نقل لازمی منسلک کریں۔ |
| ۵۔ | سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ سیکیورٹی اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 ۲۰۰۰ء میں دی گئی اضافی رہنمائی حاصل کریں۔ |

**کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن (3)166 کے تحت خودمختار ڈائریکٹرز کی تقرری کی شرائط**

سیکشن 153 کے تحت اہل اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن (2)166 کی شرائط پر پورا اترنے والا کوئی بھی فرد خودمختار ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اپنا نام پیش کرسکتا ہے۔ تاہم کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن 159 کے تحت خودمختار ڈائریکٹر کا انتخاب دیگر ڈائریکٹرز کی طرح ہی ہوگا۔ سیکشن (4)159 کے تحت انتخاب میں شرکت کنندگان کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے 7 دن قبل اخبار میں شائع کی جائیگی۔ مزید برآں ہر ڈائریکٹر کے لئے مطلوبہ معلومات کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی رکھی جائیں گی۔ مذکورہ بزنس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شرکت کی رضامندی کے علاوہ بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے۔